مذاق میں اپنے آپ کو کافر کہنے کا حکم؟

مجیب: مولانا احمد سلیم عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3596

تاریخ اجراء: 18 شعبان المعظم 1446ھ / 17 فروری 2025ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

ایک مسلمان کا اپنے اپ کو عیسائی (Christian) کہنا کیسا ہے؟ مثلا زید یہ کہتا ہے کہ میں تو کرسچن ہو گیا ہوں اگرچہ اس کی نیت مذاق اور ٹھٹے کی ہو؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

اپنے آپ کو عیسائی کہنے سے وہ شخص دائرہ اسلام سے نکل گیا، اگرچہ اس نے یہ جملہ مذاق سے کہا ہو کہ مذاق سے کلمہ کفر بولنا بھی کفر ہے، ایسے شخص پر لازم ہے کہ توبہ اور تجدید ایمان کرے اور اگر شادی شدہ ہے اور اس عورت کو رکھنا چاہے تو تجدید نکاح بھی کرے۔

بحر الرائق میں ہے "ومن ھزل بلفظ کفر ارتد وان لم یعتقدہ للاستخفاف" ترجمہ: اور جس نے مذاق میں کلمہ کفر بکا تو وہ مرتد ہو گیا اگرچہ اس کا اعتقاد نہ رکھتا ہو کہ اس کو ہلکا سمجھنا پایا گیا۔ (البحر الرائق، کتاب السیر، باب احکام المرتدین، ج 05، ص 202، مطبوعہ: کوئٹہ)

فتاوی رضویہ میں ہے "جس نے جس فرقے کا نام لیا اُس فرقہ کا ہو گیا، مذاق سے کہے یا کسی دوسری وجہ سے۔" (فتاوی رضویہ، جلد 14، صفحہ 583، رضا فاؤنڈیشن لاھور)

کفریہ کلمات کے بارے سوال جواب نامی کتاب میں ہے: سُوال: کیا ہنسی مذاق میں کُفر بکنے والے کی قرانِ کریم میں بھی مذمّت آئی ہے؟ جواب: جی ہاں۔ مذاق میں کُفر بکنے والوں پر خدائے رحمٰن عَزَّوَجَلَّ نے اپنے پاک قراٰن میں بَزَبانِ رحمتِ عالمیان صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم کفر کا فتویٰ صادِر فرمایا ہے۔ چُنانچِہ پارہ 10 سورۃُ التَّوبہ آیت نمبر 65 اور 66 میں ارشادِ ربُّ العِباد ہے: وَلَئِنۡ سَاَلۡتَهُمۡ لَيَقُوۡلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا نَخُوۡضُ وَنَلۡعَبُ ؕ قُلۡ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ وَرَسُوۡلِهٖ كُنۡتُمۡ تَسۡتَهۡزِءُوۡنَ ﴿65﴾ لَا تَعۡتَذِرُوۡا قَدۡ كَفَرۡتُمۡ بَعۡدَ اِيۡمَانِكُمۡ ؕ (پ 10 التوبہ 65-66) ترجمۂ کنز الایمان: اور اے محبوب اگر تم ان سے پوچھو تو کہیں گے کہ ہم تو یونہی ہنسی کھیل میں تھے۔ تم فرماؤ کیا اللہ اور اس کی آیتوں اور اس کے رسول

سے ہنستے ہو! بہانے نہ بناؤ تم کافر ہو چکے مسلمان ہو کر۔ (کفریہ کلمات کے بارے سوال جواب، صفحہ 497، مکتبۃ المدینہ کراچی)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net